روزنامہ آئینہ جہاں
اسلام آباد
aainenajahan@gmail.com
Aainenajahan.com
ABC

ڈیری فارمنگ میں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کی جاسکتی ہے، سردار تنویر الیاس

لائیوسٹاک کی فیلڈ میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو فروغ دیکر فارمنگ کی جائیگی، اس کیلئے سرمایہ کاروں سے رابطے میں ہیں

ڈیرہ غازی خان کے مختلف فارمز کے دورہ، گوشت کو ایکسپورٹ کرنے کے حوالے سے لوگوں کو بریف کرنے کی اشد ضرورت ہے

جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے ڈیری فارمنگ میں سرمایہ کاری کو بڑھایا جاسکتا ہے، چیئرمین پنجاب بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ

چیئرمین پنجاب بورڈ آف انویسٹمنٹ سردار تنویر الیاس خان، جہانزیب برانہ کے ہمراہ لائیوسٹاک کے موبائل ہیلتھ یونٹ کا دورہ کر رہے ہیں (فوٹو آئینہ جہاں)

ڈیرہ غازی خان (آئینہ جہاں رپورٹ) پنجاب میں ڈیری فارمنگ بڑے پیمانے پر کرنے کے مواقع موجود ہیں۔اس کے لیے سرمایہ کاروں کو ڈیری فارم بنانے کے لیے پنجاب حکومت بہت سے اقدامات کر رہی ہے۔جدید ٹیکنولوجی کے استعمال سے ڈیری فارمنگ میں سرمایہ کاری کو بڑھایا جا سکتا ہے۔ان خیالات کا اظہار چیئرمین پنجاب بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ سردار تنویر الیاس خان نے ڈیرہ غازی خان کے مختلف فارمز کے دورہ کے موقع پر کیا۔اس موقع پر چیف ایگزیکٹیو پنجاب بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ جہانزیب برانہ بھی ساتھ تھے۔سردار تنویر الیاس خان چیئرمین پنجاب بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ اور وزیر اعلیٰ ٹاسک فورس نے کہا کہ ڈیری فارمنگ کے شعبے میں بڑے پیمانے پر انویسٹمنٹ کی جاسکتی ہے۔وزیر اعلیٰ پنجاب جنوبی پنجاب میں ہر شعبہ کی ترقی کے خواہاں ہیں۔ڈیرہ غازی خان کے ڈائریکٹر لائیوسٹاک ڈاکٹر نے مختلف پراجیکٹ کا دورہ کروایا اور اپنے دفتر میں بریفنگ دی۔اس موقع پر چیئرمین پنجاب بورڈ آف انویسٹمنٹ سردار تنویر الیاس خان نے کہا گوشت کو ایکسپورٹ کرنے کے حوالے سے لوگوں کو بریف کرنے کی اشد ضرورت ہے کیونکہ اس وقت حلال گوشت کی بہت اہمیت ہے اور اس میں بڑے پیمانے پر ایکسپورٹ کی جا سکتی ہے۔یہاں کے لوگوں کو ڈیری فارمنگ کی طرف لانے سے بے روزگاری میں خاتمہ کیا جاسکتا ہے۔وزیر اعلیٰ پنجاب عثمان بزدار کی سربراہی میں لائیوسٹاک کی فیلڈ میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو فروغ دے کر فارمنگ کی جائیگی اور اس کے لیے سرمایہ کاروں سے رابطے میں ہیں اور بہت جلد ڈیری فارمنگ کے شعبے میں پرائیویٹ سیکٹر کو فعال کرتے ہوئے بے روزگاری کا خاتمہ کیا جائے گا۔سردار تنویر الیاس خان نے کہا کہ افسوس اس بات کا ہے کہ ہمارے فارمر کام کر رہے ہیں لیکن وہ ڈیری فارمنگ کی فیلڈ میں اس طرح ترقی نہیں کر رہے جس طرح کرنی چاہیے۔ہمارے فارمر اس وقت ترقی کر سکتے جب ڈیری فارمنگ کی فیلڈ میں ایکسپورٹ بڑھے گی۔ایکسپورٹ کو بڑھانے کے لیے ضروری ہے کہ جدید اصطلاحات کو اپناتے ہوئے ڈیری فارمنگ کو ترقی دی جائے۔جہانزیب برانہ نے کہا کہ لائیو سٹاک کی فیلڈ میں انویسٹمنٹ کرنے والوں کو پنجاب بورڈ آف انویسٹمنٹ مکمل سہولیات فراہم کرے گا۔لائیو سٹاک کی مارکیٹ میں سرمایہ کاروں کو ایکسپورٹ کرنے کی مارکیٹنگ کو ترجیح بنیادوں پر اپنایا جائے گا تاکہ ڈیری فارمنگ کے شعبے میں ترقی ہو اور ایکسپورٹ بڑھ سکے۔سردار تنویر الیاس خان نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب عثمان بزدار پورے پنجاب خاص کر جنوبی پنجاب میں لائیوسٹاک کی فیلڈ میں ترقی دیکھنا چاہتے ہیں کیونکہ ہمارے دیہات کے زیادہ تر لوگ زراعت سے منسلک ہیں اور بہت سے غریب لوگ مختلف مویشی پال کر اپنے گھر کے اخراجات پورے کرتے ہیں۔جانوروں کو اگر بیماری لگ جائے تو وہ اس کا مناسب علاج تک نہیں کر سکتے۔اس لیے لائیوسٹاک محکمہ کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے لیے وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر مختلف فارمز کا جائزہ لیا گیا ہے پنجاب میں خصوصاً ڈیرہ غازی خان میں ڈیری فارمنگ کی فیلڈ میں بڑے پیمانے پر انویسٹمنٹ ہوسکتی ہے۔سردار تنویر الیاس خان اور چیف ایگزیکٹیو جہانزیب برانہ نے موبائیل ہیلتھ یونٹ کا دورہ کیا اور وہاں کے لوگوں سے محکمہ کی کارکردگی کے متعلق بھی گفتگو کی۔مویشیوں کے لیے مہیا کی جانے والی موبائیل ہیلتھ یونٹ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے لوگوں نے بتایا کہ اس قبل ہمارے جانور جب بیمار ہوتے تو ہم ان کا باقاعدہ علاج نہیں کر سکتے تھے اب باقاعدگی سے لائیوسٹاک کی جانب سے موبائیل ہیلتھ آجاتی ہے اس سے جانوروں کا علاج بہتر ہو جاتا ہے۔چیئرمین پنجاب بورڈ آف انویسٹمنٹ سردار تنویر الیاس خان نے کہا کہ لائیوسٹاک کی فیلڈ میں مزید بہتری کے لیے اقدامات کریں گے اور آپ کو مزید سہولیات فراہم کی جائیں گی۔